پریس ریلیز

ڈاکٹر محمد مقصود جنرل ہسپتال میں گیسٹر ،اسہال اور ہیٹ سٹروک کے مریضوں کیلئے فوکل پرسن مقرر

موجودہ حکومت کے احکامات کی روشنی میں مریضوں کی خصوصی نگہداشت کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا: پرنسپل پی جی ایم آئی

ایم ایس ،انتظامی ڈاکٹرز ،نرسنگ انتظامیہ اپنے ماتحت ملازمین اور شعبوں کی کارکردگی پر نگاہ رکھیں :پروفیسر الفرید ظفر

لاہور 23 مئی:......پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے گرمی کی شدت کی وجہ سے گیسٹر و،اسہال اور ہیٹ سٹروک کے بڑھتے ہوئے کیسز کے پیش نظر ڈاکٹر محمد مقصود کو لاہور جنرل ہسپتال میں فوکل پرسن نامزد کر دیا ہے تا کہ مریضوں کو بہتر اور بر وقت طبی سہولیات مہیا کر کے ان کی جان بچائی جا سکے۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کے احکامات کی روشنی میں ایل جی ایچ آنے والے مریضوں کی خصوصی نگہداشت کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔پرنسپل الفرید ظفر نے ایم ایس کو ہدایت کی کہ وہ ایمرجنسی سمیت دیگر شعبوں کا دن میں 3 مرتبہ راؤنڈ کر کے علاج معالجہ، ملازمین کی حاضری ، ڈسپلن ،صفائی ستھرائی اور سیکورٹی امور کا جائزہ لیا کریں۔پروفیسر الفرید ظفر نے انتظامی ڈاکٹرز اور نرسنگ سپرٹینڈنٹ کو تاکید کی کہ وہ اپنے ماتحت ملازمین اور شعبوں کی کارکردگی پر نگاہ رکھیں،اچانک معائنہ کے دوران کسی شعبہ میں بدانتظامی پائی گئی تو متعلقہ اے ایم ایس/ڈی ایم ایس اور نرسنگ سپرٹینڈنٹ جوابدہ ہونگے۔

☆☆☆☆